مختصر خبریں

بجٹ ترقی یافتہ ملک کا وژن ڈاکیومنٹ ہے: اکشت کھیتان

ممبئی (ایجنسی): اے یو کارپوریٹ ایڈوائزری اینڈ لیگل سروسیز کے بانی اکشت کھیتان کے مطابق مرکزی بجٹ ایک ترقی یافتہ

اکشت کھیتان

بھارت کی تعمیر کے لیے حکومت کے مضبوط عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ بجٹ جو لچکدار اور دوراندیش ساختی اصلاحات پر مبنی ہے۔ تقریباً ۷ رفیصد کی معاشی شرحِ نمو، غربت میں کمی اور سرکاری اسکیموں کے فوائد کو براہِ راست شہریوں تک پہنچانے کے عہد کے ساتھ یہ بجٹ واضح طور پر خواہشات کو کامیابیوں میں اور صلاحیت کو کارکردگی میں بدلنے کا ہدف رکھتا ہے۔ بجٹ کی بنیادی روح ''وکست بھارت'' مکالمے اور نوجوان طاقت سے متاثر وژن سے جڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس بجٹ کی سب سے نمایاں خصوصیت متحرک ساختی اصلاحات پر اس کا زور ہے۔ مختلف شعبوں میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کو ایک فورس ملٹی پلائر کے طور پر اپنانا اہم قدم ہے۔